# 14511 ـ خاوند کا اپنی بیوی کواپنی جائداد کے بارہ میں بے خبر رکھنا

**سوال**

کیا خاوند کو یہ حق ہے کہ وہ اپنی جائداد اور بنک بیلنس کے متعلق اپنی بیوی کوبے خبر رکھے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

آدمی کے لیے یہ کوئي ضروری نہیں کہ وہ اپنی بیوی کواپنی خاص جائداد اور بنک میں موجود رقم کے بارہ میں بتائے ۔

لیکن مسئلہ یہ ہے کہ خاوند اوربیوی کے مابین جو محبت و مودت اورصلہ و تعلق ہوتا ہے وہ اس بات کا متقاضی ہے کہ اس معاملہ میں تساہل سے کام لیا جائے اورہر ایک کو دوسرے کی جائداد وغیرہ اورمال کا علم ہونا چاہیے اورانہیں مال کی تدبیر کرنے اوراسے اللہ تعالی کے راستے اوراس کی رضا کے لیے خرچ کرنے میں ایک دوسرے کا تعاون کرنا چاہیے ۔

واللہ اعلم .